اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں فارمیسی کونسل اور HEC کے مجوزہ پانچ تعلیمی و تحقیقی شعبہ جات نہ بنائے جانے کا تجزیاتی جائزہ۔

فارماسسٹ فیڈریشن (پاکستان) رجسٹرڈ

فارماسسٹ الائینس، پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن http//:www.pharmarev.com

علم یقیناً روشنی ہے۔ مستقل میراث اور دائمی دولت ہے۔ جس سے اشرف المخلوقات کی تخصیص اور بنی نوع انسان کی فضیلت اجاگر ہوتی ہے۔ اور پھر ہمارے نبی ﷺ کی دعا بھی علم ہی کے متعلق تھی "ربی زدنی علما" اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما۔ اور پھر انہوں نے تمام تر پیشہ پائے زندگی میں شاندار کردار ادا کرنے کے باوجود خود کو استاد ہی کہلانا پسند فرمایا "اِنَّمَا اَنَا بُعِثتُ مُعَلِّم " بے شک مجھے اُستاد بنا کر بھیجا گیا۔ لیکن ان تمام حقائق کے باوجود، ہمارے نبی کا پیش کردہ یہ "فلسفہ علم" اٹھارہویں صدی عیسوی میں کئی اعتبار سے بدل گیا۔ یہ ایک تجارتی مال، قابل فروخت اثاثہ اور حصول ملازمت کا بہترین محرک بن گیا۔ جس سے انسانی معاشرے میں کئی ناپسندیدہ تبدیلیاں برپا ہونے لگیں۔ اور بدقسمتی سے آج یہ علم ایک منافع بخش کاروبار کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ اساتذہ، انتظامیہ اور اداروں کا ایک ہی مرکز و محور ہے۔ کہ کہاں سے اور کتنا منافع کمایا جائے۔ اسے کیسے بڑھایا جائے۔

اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور میں شعبہ فارمیسی کی بنیاد 1990 میں رکھی گئی۔ اور 1991 میں بی فارمیسی B.Pharmacy کا پہلا تعلیمی سیشن شروع ہوا۔ 2002 میں ایم فل، 2003 میں ڈاکٹر آف فارمیسی Pharm-D اور 2007 میں پی ایچ ڈی Ph.D شروع کی گئی۔ یہاں کے ارباب اختیار نے فارمیسی کے پانچ تعلیمی شعبہ جات قائم کرنے سے فرار کا عجیب راستہ اختیار کیا۔ شعبہ فارمیسی کو اسی مقام پر چھوڑ کر فیکلٹی آف فارمیسی اینڈ آلٹرنیٹیو میڈیسن Faculty of Pharmacy & Alternative Medicine بنا ڈالی۔ اور Bachelor of Eastern Medicine & Surgery(BEMS) اور ہومیو میڈیسن کی ڈگری Bachelor of Homeo Medicine & Surgery جیسے کورسز کا آغاز کر دیا۔ جنکی افادیت سے یقیناً انکار نہیں۔ لیکن پیشہ فارمیسی کو کسی بند گلی میں لے جانے کا یقیناً انکے پاس نہ کوئی اختیار ہے اور نہ کوئی منطقی جواز۔ اگر ایسا ہی کرنا تھا تو کتنا اچھا ہوتا کہ فارمیسی کو میڈیکل یا ڈینٹسٹری Dentistry میں ضم کر دیتے۔ مگر اصولی اعتبار سے یہاں فارمیسی کونسل اور HEC کا مجوزہ تعلیمی ڈھانچہ بننا چاہئے۔ جسکو پاکستان کے جید سائنسدانوں نے عرصہ دراز کی محنت کیبعد ایک حتمی شکل دی ہے۔ جسے یہ لوگ اپنے ذاتی مفادات کی مجرمانہ سوچ کی بنیاد پر پس پشت ڈال رہے ہیں۔

چنانچہ فارماسسٹ فیڈریشن (پاکستان) اور فارماسسٹ الائنس (پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن) جناب ممنون حسین صاحب صدر پاکستان، جناب میاں نواز شریف صاحب وزیراعظم پاکستان، جناب میاں شہباز شریف صاحب وزیراعلیٰ پنجاب، شعبہ فارمیسی، فیکلٹی آف فارمیسی اینڈ الٹرنیٹو میڈیسن، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے ارباب اختیار قابض اساتذہ اور پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے قانون و انصاف کی بالادستی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ فارمیسی کونسل آف پاکستان، HEC اور بین الاقوامی پیشہ ورانہ اداروں کے مجوزہ پانچ تعلیمی و تحقیقی شعبہ جات بنانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ فیکلٹی آف فارمیسی، یونیورسٹی آف کراچی کے مندرجہ ذیل کے ماڈل پاکستان کے دیگر اداروں میں نفاذ کا تقاضا کرتے ہیں۔

پاکستان کے سرکاری فارمیسی اداروں کی بنیادی معلومات اوراساتذہ کی تفصیل۔

یونیورسٹی اورادارہ	وائس چانسلر	ڈین	چیئرمین	پروفیسر	اسوسی ایٹ پروفیسر	اسسٹنٹ پروفیسر	لیکچرار
شعبہ فارمیسی، فیکلٹی آف فارمیسی اینڈ الٹرنیٹو میڈیسن، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور۔	ڈاکٹر قیصر مشتاق	ڈاکٹر محمود احمد	ڈاکٹر نوید اختر	2	4	9	8
شعبہ فارمیسی، فیکلٹی آف فارمیسی ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔	ڈاکٹر سید خواجہ القمہ	ڈاکٹر خالد حسین جانباز	ڈاکٹر بشیر احمد چوہدری	5	1	4	10
شعبہ فارمیسی، فیکلٹی آف فارمیسی، یونیورسٹی آف سرگودھا۔	ڈاکٹر محمد اکرم چوہدری	ڈاکٹر ساجد بشیر	ڈاکٹر ساجد بشیر	2	0	11	9
شعبہ فارمیسی، فیکلٹی آف لائف اینڈ انوائرمنٹل سائنسز، یونیورسٹی آف پشاور۔	ڈاکٹر محمد رسول جان	ڈاکٹر عامر نواز خان	ڈاکٹر محمد سعید	6	2	5	6
شعبہ فارمیسی، فیکلٹی آف بیالوجیکل سائنسز، قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد۔	ڈاکٹر محمد جاوید	ڈاکٹر اصغری بانو	ڈاکٹر گل مجید خان	1	0	11	2

فیکلٹی آف فارمیسی، یونیورسٹی آف کراچی کی بنیادی معلومات اوراساتذہ کی تفصیل۔

وائس چانسلر: پروفیسر ڈاکٹر محمد قیصر؛ ڈین: پروفیسر ڈاکٹر غزالہ رضوانی

شعبہ	چیئرمین/چیئرپرسن	پروفیسر	اسوسی ایٹ پروفیسر	اسسٹنٹ پروفیسر	لیکچرار
فارماسوٹیکل کیمسٹری	ڈاکٹر فیاض ایم ویڈ	2	2	5	3
فارماسوٹیکس	ڈاکٹر ایم حارث شعیب	3	0	5	2
فارماکوگنوسی	ڈاکٹر سید وسیم الدین احمد	3	1	1	2
فارماکالوجی	ڈاکٹر راحیلہ نجم	1	1	5	4
	کل تعداد	**4**	**9**	**16**	**11**

فارماسسٹ فیڈریشن (پاکستان)

فارماسسٹ الائینس (پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن)

www.pharmarev.com

www.pharmacistfed.wordpress.com